# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ پاکستانی زبانیں)

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ :

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری '' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ**

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے | | | |

کورس: پاکستانی ادب (426) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی اے

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے**

**(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)**

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1تا4)

سوال نمبر 1-(الف) درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (10)

(i) بلوچی پاکستان میں کہاں کہاں بولی جاتی ہے؟

(ii) بلوچی کس رسم الخط میں لکھی جاتی ہے؟

(iii) صوتی لحاظ سے بلوچی کس زبان سے مشابہ ہے؟

(iv) اردو بلوچی کے مشترک الفاظ کی تین مثالیں درج کریں؟

(v) بلوچی نظم اپنے اسلوب کے اعتبار سے اوستا کی کس صنف سے مشابہ ہے؟

(vi) زبان کے اعتبار سے مشرقی اور مغربی بلوچی کے شعرا میں کیا فرق نظر آتا ہے؟

(vii) بلوچی میں آزاد شاعری کے بانی کون ہیں؟

(viii) میر گل خان نصیر کا پہلا بلوچی مجموعہ کلام ''گلبانگ'' کب شائع ہوا؟

(ix) زہیر کے بلوچی میں کیا معنی ہیں؟

(x) ھالو کس موقع کا گیت ہے؟

(ب) درج ذیل الفاظ و تراکیب کے معنی لکھیں: (05)

سریں، تفاخر، جنگ نلی، درچین، کلمت

(ج) درج ذیل کتابوں کے مصنفین کے نام لکھیں: (05)

نوذ ورغام، شر گداری، نودی شل، زامریں زند، بلوچی بومیا

سوال نمبر 2- بلوچی زبان کہاں کہاں بولی جاتی ہے؟ قواعد کی رو سے یہ کس زبان سے قریب تر ہے نیز اس کی چیدہ چیدہ لسانی خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- قدیم بلوچی شاعری کے نمائندہ شعرا کے حوالے سے مفصل نوٹ لکھئے۔ (20)

سوال نمبر 4- درج ذیل شعرا پر مختصر نوٹ لکھیے۔ (20)

عطاء شاد، بشر بیدار، اللہ بخش بزدار، آزات جمالدینی

سوال نمبر 5- افسانہ ''سکوت ناتمام'' پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

(20)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5تا8)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1-(الف) درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (10)

(i) عربی رسم الخط سے سندھی کو کیا فائدہ پہنچا؟

(ii) سندھی میں اردو سے کتنے حروف زیادہ ہیں؟

(iii) سندھی لوک ادب کی کسی ایک داستان کا نام لکھیں؟

(iv) عوامی سندھی شاعری سے کیا مراد ہے؟
(v) شاہ لطف اللہ قادری کی شاعری کا موضوع کیا ہے؟
(vi) تالپور خاندان کے ادب پرور حکمرانوں کے نام لکھیں؟
(vii) ڈاکٹر شیخ محمد ابراہیم خلیل کب پیدا ہوئے؟
(viii) سندھی کے پہلے باکمال صوفی شاعر کون تھے؟
(ix) شاہ صاحب کی شاعری کا سب سے بڑا ماخذ کونسا ہے؟
(x) موہن جو دڑو کی کھدائی سے کتنے شہر دریافت ہوئے ہیں؟

(ب) درج ذیل الفاظ وتراکیب کے معنی لکھیں: (10)

وفوریاس خداشناس زندانِ آب وگل زیست حلاج
سروحدت عمیق لاحد کلونت پنتھ

سوال نمبر 2- درج ذیل کتابوں کے مصنفوں کے نام لکھیے۔ (10)

(الف) سانگھڑ، بلو دادا، عبرت کدہ، شام وسحر، لطائف لطیفی
سارنگ، مقدمہ الصلوۃ، حقیقت محمدیہ، آبِ حیات، تخلیق جو موت

(ب) کوئی سی پانچ سندھی ضرب المثال کا ترجمہ لکھیں۔ (10)

سوال نمبر 3- درج ذیل شعراپر نوٹ لکھیں۔ (20)

سید ثابت علی شاہ، خلیفہ نبی بخش لغاری، مخدوم عبدالرحیم گروہڑی، مخدوم ابوالحسن

سوال نمبر 4- سندھی لوک ادب کے حوالے سے ایک تفصیلی مضمون قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5- دوارکا پرشاد شرما کے مضمون موہن جو دڑو کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 3

(یونٹ نمبر 9 تا 12)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1-(الف) درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (10)

(i) پشتو کے حروف تہجی کتنے ہیں؟
(ii) مثنوی شاہ و گدا کا مترجم کون ہے؟
(iii) بایزید انصاری کا لقب کونسا ہے؟
(iv) ایوب صابر کے شعری مجموعے کا نام بتائیے؟
(v) گنج سربستہ میں کم از کم کتنے شاعروں کا تذکرہ موجود ہے؟
(vi) ترقی پسند تحریک میں اجمل خٹک کن شعرا کے ہم سفر رہے؟
(vii) زیتون بانو کے کوئی سے دو افسانوی مجموعوں کے نام بتائیں؟
(viii) امیر کروڑ کی شہرت کہاں تک ہے؟
(ix) خوشحال خان کے اجداد مغلوں کے وفادار تھے یا مخالف؟

(ب) درج ذیل الفاظ و تراکیب کے معنی لکھیں: (10)

گنج تحریر، پابہ جولاں، چنگ ونے، خدنگ، بامیاں

مثل سحاب، رجز، الرؤ، زور آور، خلائق

سوال نمبر 2- پشتو کے دس ضرب الامثال کا ترجمہ و تشریح لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 3- درج ذیل شعرا پر نوٹ لکھیں۔ (20)

اکبر زمینداروی، ارزانی خویشکی، مرزا خان انصاری، واصل روشانی

سوال نمبر 4- درج ذیل موضوعات پر نوٹ لکھیے۔ (20)

پشتو ڈرامہ، پشتو تحقیق و تنقید

سوال نمبر 5- افسانہ موم کے آنسو کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 4

(یونٹ نمبر 12 تا 18)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1-(الف) درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (10)

(i) کیا پنجابی اور اردو کا تعلق زبانوں کے ایک ہی خاندان سے ہے؟

(ii) بابا فرید شکر گنج کی مناجات کس زبان میں ہے؟

(iii) فرید ثانی کس کو کہتے ہیں؟

(iv) شاہ حسین کس مغل بادشاہ کے دور میں پیدا ہوئے؟

(v) حافظ برخوردار کی وجہ شہرت کیا ہے؟

(vi) پنجابی غزل کس دور میں شروع ہوئی؟

(vii) مولوی غلام رسول عالم پوری کس وجہ سے مشہور ہیں؟

(viii) نادر شاہ دی وار کس کی تصنیف ہے؟

(ix) بلھے شاہ کی شاعری کا سب سے بڑا موضوع کیا ہے؟

(x) کوئی سے دو پنجابی اسٹیج ڈراموں کے نام بتائیں؟

(ب) درج ذیل الفاظ و تراکیب کے معنی لکھیں: (10)

تمثیلی، آوردہ، تغاوت، فرحیہ، مداوا، دشنہ، اندوبھری،

بحور، احتمال، دیوبانی

سوال نمبر 2- پنجابی اور اردو کے ربط و تعلق پر مفصل مضمون لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 3- درج ذیل شعرا پر نوٹ لکھیے۔ (20)

حضرت سلطان باہو، خواجہ فرید

سوال نمبر 4- درج ذیل موضوعات پر نوٹ لکھیے۔ (20)

پنجابی ڈرامہ، پنجابی ناول

سوال نمبر 5- کشمیری زبان کے آغاز و ارتقاء کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں تفصیلی نوٹ قلم بند کیجیے۔ (20)